## سوال

دل میں گناہوں سے نفرت کیسے پیدا ہو۔ ؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ایسا کون سا عمل ہے جس سے انسان کے دل میں گناہوں سے نفرت پیدا ہو جائے ۔ ؟

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب انسان اللہ کی اطاعت اور فرمانبرداری میں زندگی گزارتا ہے تو خودبخود ہی اسے گناہوں سے نفرت ہوجاتی ہے ۔ اسی طرح نماز کی پابندی بھی انسان کو گناہوں سے دور کر دیتی ہے ۔ گناہوں سے نفرت کے لئیے موت اور قبر کو زیادہ سے زیادہ یاد کرنا چاہئیے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث